کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد چھاؤنی

نوٹس نیلامی خالی بلڈنگ بیسمنٹ برائے کمرشل استعمال

بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد اپنی ایک خالی بلڈنگ بیسمنٹ واقع پارکنگ پلازہ پائن ویو روڈ، ایبٹ آباد کینٹ، کو 5 سال کے عرصہ کے لیے ماہانہ کرایہ پر دینے کے لیے نیلامی منعقد کر رہا ہے۔ نیلامی مؤرخہ 2026/ 12 / 14 دن گیارہ بجے دفتر کینٹ بورڈ نزد CMH میں منعقد ہوگی۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے بولی منسوخ ہوگئی تو دوبارہ بولی بتاریخ 2026/ 12 / 15 بکہ سہ بارہ نیلامی/بولی مؤرخہ 2026/ 12 / 16 کو ہوگی۔

نمبر شمار	تفصیل بلڈنگ	زرضمانت
1	خالی بیسمنٹ واقع پارکنگ پلازہ پائن ویو روڈ، ایبٹ آباد کینٹ	مبلغ -/200,000 روپے، بشکل کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ایبٹ آباد کینٹ

شرائط نیلامی

1۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں، دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

2۔ ہر بولی دہندہ قبل از نیلامی مبلغ -/200,000 (دو لاکھ روپے) بشکل کال ڈیپازٹ بطور زرضمانت بحق کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ایبٹ آباد کینٹ ہمراہ مصدقہ نقل قومی شناختی کارڈ جمع کروائے گا بصورت دیگر بولی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہوگا۔ اختتام بولی پر زرضمانت / کال ڈیپازٹ پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ سب کو واپس کر دیئے جائیں گے۔

3۔ بلڈنگ بیسمنٹ کے صرف ماہانہ کرایہ کی بولی ہوگی اور کرایہ داری کی مدت 05 سال ہوگی جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ 05 سال کی مدت ختم ہونے کے بعد کرایہ داری کی مدت میں مزید توسیع کرنے یا کرایہ میں مناسب اضافہ بورڈ سے مشروط ہوگی۔ کرایہ دار عمارت کی Renovation پر کیے گئے خرچ کا کینٹونمنٹ بورڈ سے کلیم نہ کرے گا اور کرایہ داری کی مدت کے دوران اور مدت ختم ہونے کے بعد تمام Fitting/ Fixture کینٹونمنٹ بورڈ کی ملکیت رہے گا۔ دوران کرایہ داری، معاہدہ کرایہ داری کی کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کی صورت میں بورڈ معاہدہ کرایہ داری ختم کر کے بلڈنگ کا قبضہ واپس لے سکتا ہے۔

4۔ کرایہ داری کی 5 سالہ مدت کے دوران ماہانہ کرایہ میں ہر سال 10% کے حساب سے اضافہ ہوتا رہے گا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام پر تین ماہ کے کرایہ کے برابر سیکیورٹی (قابل واپسی) جمع کروائے گا جو کرایہ داری کی مدت ختم ہونے کے بعد واپس کر دی جائے گی۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ / کرایہ دار بلڈنگ کا 6 ماہ کا کرایہ ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

7۔ اگر کرایہ دار کسی موقع پر بلڈنگ کے حقوق کرایہ داری جاری نہ رکھنا چاہے گا تو ایک ماہ ایڈوانس نوٹس دیکر قبضہ بلڈنگ حوالہ کینٹونمنٹ بورڈ کر سکتا ہے۔ اسی طرح کینٹونمنٹ بورڈ بھی ایک ماہ کا ایڈوانس نوٹس دے کر بلڈنگ خالی کروا سکتا ہے۔

8۔ اگر کامیاب بولی دہندہ بلڈنگ میں اپنی ضرورت کے مطابق کسی بھی قسم کی ایڈیشن / آلٹریشن کرنا چاہے گا تو کینٹونمنٹ بورڈ سے تحریری اجازت لینے کا پابند ہوگا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ / کرایہ دار بولی کی حتمی منظوری کے پندرہ دن کے اندر اندر دفتر ہذا سے اپنے خرچہ پر کرایہ داری کا تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ / کرایہ دار بجلی، پانی، سیوریج، سوئی گیس، ٹیلی فون وغیرہ کی تنصیب کے اخراجات اور ان کے ماہانہ بلوں کی ادائیگی خود کرے گا۔

11۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد/ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔

12۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی حتمی منظوری کے 30 دن کے اندر اندر قبضہ لینے کا مجاز ہوگا۔

13۔ انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا۔

14۔ زیر دستخطی/ مجاز اتھارٹی کو پیپرا قوانین کے تحت بولی کو منظور/ مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

15۔ نیلامی سے متعلق مزید کسی بھی معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

16۔ اس اشتہار کی کاپی پیپرا کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

اشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ایبٹ آباد چھاؤنی

CamScanner